**ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کی ملاقات**

**بجلی اورتوانائی کے سنگین بحران، دہشت گردی کے خلاف مسلح افواج کی کارروائیوں اور ملک کی صورتحال پر تفصیلی بات چیت**

**بجلی کے بڑھتے ہوئے بحران کی وجہ سے عوام احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں، ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرکے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلے کوجلدازجلد حل کیا جائے۔الطاف حسین**

**کچھ عناصر جمہوری نظام کوغیرمستحکم کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن پیپلزپارٹی، ایم کیوایم اورتمام جمہوریت پسند عناصر ان کوششوں کوملکرنا کام بنادیں گے، ملاقات میں اتفاق**

**شرم الشیخ میں ہونے والی بین الاقوامی کانفرنس اور بھارتی وزیراعظم سے ملاقات میں پاکستان کا مقدمہ جراتمندانہ انداز میں پیش کرنے پروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوالطاف حسین کاخراج تحسین**

**دورہ ءافغانستان میں پاکستان کے مؤقف کوبھرپورانداز میں پیش کرنے پر رحمٰن ملک کوالطاف حسین کاخراج تحسین**

لندن۔۔۔23 جولائی2009ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے گزشتہ روزانٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک میں بجلی اورتوانائی کے سنگین بحران، دہشت گردی کے خلاف مسلح افواج کی کارروائیوں، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے ملک میں بجلی کے سنگین بحران پرتشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کے بڑھتے ہوئے بحران کی وجہ سے ملک بھر میں عوام کوشدید مشکلات اوراذیتوں کا سامنا ہے جس کی وجہ سے عوام احتجاج پرمجبور ہورہے ہیں لہٰذا صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کواس صورتحال کا فوری نوٹس لینا چاہیے اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرکے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلے کوجلدازجلد حل کیا جائے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ کچھ عناصر موجودہ منتخب حکومت کے خلاف ڈس انفارمیشن مہم چلائے ہوئے ہیں اور جمہوری نظام کوغیرمستحکم کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن پیپلزپارٹی، ایم کیوایم اورتمام جمہوریت پسند عناصران کوششوں کوملکرنا کام بنادیں گے۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی ویزداخلہ رحمٰن ملک کوکراچی میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات سے بھی آگاہ کیااوران سے کہا کہ ان واقعات کی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کوگرفتارکیا جائے۔ وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کوان واقعات کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قیام اوراس سلسلے میں کی جانیوالی کوششوں سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے مصر کے شہرشرم الشیخ میں ہونے والی بین الاقوامی کانفرنس اور بھارتی وزیراعظم سے ملاقات میں پاکستان کا مقدمہ جراتمندانہ انداز میں پیش کرنے پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کوخراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کے دورہ ءافغانستان اوروہاں پاکستان کے مؤقف کوبھرپورانداز میں پیش کرنے پرانہیں بھی خراج تحسین پیش کیا۔

**گلستان جوہر میں ٹارگٹ کانشانہ بننے والا ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کا کارکن قیصرالطاف زخموں کی تاب نہ لاکر پندرہ روز بعد جام شہادت نوش کرگیا، نمازجنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی اوردیگر کی شرکت**

کراچی۔۔۔23/جولائی2009ء

15 روزقبل گلستان جوہر میں مسلح دہشتگردوں کی اندھادھند فائرنگ سے شدید زخمی ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے جواں سال کارکن قیصرالطاف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے بدھ کے روزاپنے خالق حقیقی سے جاملے۔(اناللہ واناالیہ راجعون)۔تفصیلات کے مطابق قیصرالطاف 7 جولائی کی شام گلستان جوہر میں اپنی دکان پرموجود تھے کہ موٹرسائیکل سوار دہشتگردوں نے انہیں ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایااورفرار ہوگئے۔ قیصرالطاف کو8 گولیاں لگی اور وہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں طبّی امداد کیلئے فوری طور پرعباسی شہید اسپتال لیجایا گیا جہاں وہ گزشتہ پندرہ روز سے انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں زیرعلاج تھے۔ بدھ کے روزان کی حالت اچانک خراب ہوگئی اورڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اوراپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ 30 سالہ قیصرالطاف شہید غیرشادی شدہ تھے اورانہوں نے پسماندگان میں والدہ اورنو بہن بھائی چھوڑے

ہیں۔ دریں اثناء قیصر الطاف شہید کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سرجانی ٹاؤن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر رضویہ امام بارگاہ گلبہار میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرو یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن قیصر الطاف کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ دنوں کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے کارکن قیصر الطاف کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے قیصر الطاف شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کی۔انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان قیصر الطاف کی شہادت پر غم زدہ ہے اور آپ کے میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قیصر الطاف شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکن قیصر الطاف کی شہادت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## گزشتہ ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 32 کارکنان وہمدردوں کو شہید کیا جاچکا ہے

کراچی۔۔۔23/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے 7 جولائی کو گلستان جوہر میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے جواں سال کارکن قیصر الطاف کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے اس واقعہ کو کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا تسلسل قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض قوتوں کو کراچی کا امن ایک آنکھ نہیں بھار ہا اور وہ شہر کا امن تہہ وبالا کرنے کیلئے گزشتہ ایک ماہ کے دوران ٹارگٹ کلنگ کے مختلف واقعات میں ایم کیوایم کے 32 کارکنوں اور ہمدردوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا جاچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی شہادت کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشتگردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے قیصر الطاف شہید کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قیصر الطاف شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## عوام وکارکنان متحدہ اکیڈمک فاؤنڈیشن کے سربراہ راحت اللہ خان کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔23جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ اکیڈمک فاؤنڈیشن کے سربراہ راحت اللہ خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ راحت اللہ خان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ راحت اللہ خان دل کے عارضے میں مبتلا ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## عوام وکارکنان محمد وسیم اور قمر النساء کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔23/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد وسیم اور نیوز کمیٹی کے رکن سید ظفر جعفری کی والدہ قمر النساء کی علالت پر گہری تشویش کا ااظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ محمد وسیم اور قمر النساء کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔واضح رہے کہ سید ظفر جعفری کی والدہ کینسر کے مرض کے سبب شدید علیل ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کیف الوریٰ اور سیف یار خان نے مقامی اسپتال کا دورہ کرکے کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد وسیم کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے محمد وسیم کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کی زونل کمیٹی کے رکن صلاح الدین کے والد شہاب الدین، ایم کیوایم کے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے رکن زاہد قریشی کے بہنوئی محمد یحییٰ، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سندھ گورنمنٹ اسپتال یونٹ نیو کراچی کے کارکن اقبال حسین کے والد سید ستار حسین، میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محمد اسماعیل کی والدہ بسم اللہ بیگم، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن عامر کے والد عبدالحمید، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے لیبر کونسلر رحمت اللہ کے صاحبزادے فہیم اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے کارکن سید محمد رضا نقوی کے والد سید رضا حسین نقوی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے وفد کی وزیر اعلیٰ سندھ سے ملاقات

## لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں میں پائی جانیوالی تشویش سے آگاہ کیا

## ایم کیوایم کے عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر شہریوں کے مسائل حل کریں گے، سید قائم علی شاہ

کراچی۔۔۔23/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے جمعرات کے روز وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور کراچی میں بجلی کی عدم فراہمی اور گھنٹوں لوڈ شیڈنگ سے شہریوں میں پائی جانیوالی تشویش سے آگاہ کیا۔وفد میں حق پرست صوبائی وزراء سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، خالد بن ولایت، عسکری تقوی، عبدالحسیب، محمد علی شاہ، زبیر احمد، نادیہ گبول اور صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن شامل تھے۔اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا، صوبائی وزراء مراد علی شاہ اور جام سیف اللہ دھاریجو بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے وزیر اعلیٰ سندھ کو کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی ناقص کارکردگی اور مسلسل لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں میں پائی جانیوالے تشویش سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے مثبت اقدامات کرے۔وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ نے حق پرست صوبائی ورزاء کی گذارشات کو توجہ سے سنا اور کراچی میں بجلی کی عدم فراہمی اور لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی عدم فراہمی کے مسئلہ پر حکومت نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ سے باز پرس کی ہے اور کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے یقین دہانی بھی کرائی ہے۔وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ حکومت ایم کیوایم کے عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر شہریوں کے مسائل حل کرے گی۔

☆☆☆☆☆